لاثانی

www.lasaniindustries.com

# معیار اور جدّت میں ایک قدم اور آگے

## لاثانی فارما کی گولیاں اور کیپسول

### بلسٹر پیک میں



## لاثانی فارما پرائیویٹ لیمیٹڈ

# نام بھی لاثانی    معیار بھی لاثانی

انسان کی صحت، بدلتے ماحول اور جدید تقاضوں کے پیش نظر تحقیق خاص اہمیت رکھتی ہے لاثانی فارما کے شعبہ تحقیق وترقی بھی ہمہ وقت کوشاں ہے تاکہ فلاح انسانیت میں پیش پیش رہے جس میں کامیابی سے سفر جاری ہے۔
انسان چونکہ فطرتاً نفیس ہے اس لیے ہر کام میں نفاست چاہتا ہے۔اس ضمن میں لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹڈ بھی کوشاں ہے کہ اچھی، معیاری، زود اثر اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق تیار کی گئی ادویات دیدہ زیب اور خوبصورت پیکنگ میں پیش کرے جس میں لاثانی فارما نے نئے تجربے کیے ہیں اور بڑی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔زندگی کے ہر شعبہ میں انسان نے ہمہ وقت ترقی کی منازل طے کی ہیں اور خوب سے خوب تر کی تلاش میں رہا ہے اسی لیے کہتے ہیں کہ کسی کام کے عمدہ ترین طریقے سے سرانجام پانے کے باوجود بہتری کی گنجائش ہمیشہ موجود ہوتی ہے۔جو لوگ، معاشرے اور ادارے اس حقیقت کو تسلیم کرکے بہتر سے بہترین کی طرف سفر میں کوشاں رہتے ہیں وہی منزل کی مراد پاتے اور کامیابی سے سرفراز ہوتے ہیں۔جدید طریقے، تیکنیک اور عصری تقاضے پورے کرنے والے ہی اپنی شرح ترقی کو برقرار رکھ پاتے ہیں بلکہ مزید ترقی کے زینے طے کرتے ہوئے نہ صرف یہ کہ اپنی فیلڈ (شعبے) میں رول ماڈل کا کردار ادا کرتے ہیں اور دوسرے شعبہ ہائے زندگی کے لیے بھی مثالی صورت اختیار کر جاتے ہیں۔ وطن عزیز میں ہربل دواسازی میں سب سے پہلے شوگر فری ادویات تیار کرنا، عرق مہزل، شربت فولاد پلس جیسی بہت بڑی دوا (شربت) تیار کرنا یہ اور اس طرح کے کئی منفرد اعزاز رکھنے والے لاثانی فارما کو یہ بھی اعزاز حاصل ہے کہ اس کی 250 کے قریب مؤثر ادویات میں شامل تمام حبوب (گولیاں/قرص) کو بلسٹر پیک کر دیا ہے۔ جو کہ طبی دواسازی میں ایک اچھوتا خیال اور مفید کام ہے۔عام پیکنگ میں سے جب ہم گولیاں استعمال کرتے ہیں تو بوتل کی سیل کھلنے کے بعد باقی دوا میں نمی، گرد وغیرہ جانے کا اندیشہ بہر حال موجود ہوتا ہے بعض اوقات بوتل کا ڈھکن کھلا رہنے سے بوتل گر کر ساری گولیاں ضائع ہو جاتی ہیں۔تاہم بلسٹر پیک میں ہر گولی محفوظ رہتی ہے اور ہمیں یہ سہولت ہوتی ہے کہ جو گولی ہم نے استعمال کرنی ہے وہ نکال لیں جبکہ باقی بلسٹر (پتے) میں محفوظ رہیں۔گو کہ یہ طریقہ کوئی نیا نہیں ایلوپیتھک دواساز ادارے عرصہ سے ایسا کر رہے ہیں البتہ ہربل دواسازی میں یہ پہلا تجربہ تھا جو لاثانی فارما نے کیا اور اس کے ہر دلعزیز ہونے میں گو کہ کچھ وقت صرف ہوا لیکن پھر آہستہ آہستہ اس بلسٹر پیکنگ سے معالجین و مریض مانوس ہوتے چلے گئے۔
اس کتابچہ میں لاثانی فارما کی تمام بلسٹر پیک (گولیاں + کیپسول) کی تفصیل وخواص معاون ادویات کے ساتھ افادہ عام کیلئے پیش خدمت ہیں۔

**نوٹ:** عام طور پر پانی کی بجائے معاون عرق کے ساتھ ادویات کا استعمال کرنے سے فوائد دوچند ہو جاتے ہیں۔

## لاثانی فارما کی بلسٹر پیک گولیاں/کیپسولز

### اسفاٹم ذکاوت (بڑھی ہوئی حس) کیلئے

عالم جوانی میں اکثر نوجوان بے راہ روی کا شکار ہو کر جلق (مشت زنی) اغلام جیسی عادت بد میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔جس کے باعث عضو تناسل کی حس بڑھ جاتی ہے۔غدہ مذی میں خراش ہو جاتی ہے۔جس سے بار بار تحریک ہوتی

ہے۔عضو خاص کے عضلات اور اعصاب کمزور ہو جاتے ہیں۔ اسفاٹم ایسے اجزاء کا مرکب ہے جو بڑھی ہوئی حس کو اعتدال پر لاتی ہے۔اور غدہ مذی کی خراش کو دور کرتی ہے۔عضو خاص کے رگ و پٹھے کو تقویت دیتی ہے اور پیشاب کی جلن دور کرتی ہے۔

**معاون ادویات:** سفوف راحت، لبوب بارد جواہر دار، عرق کاسنی۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر شام دو۔دو گولی دودھ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## جوھر امساک

جوہر امساک کیپسول اپنے موثر اجزاء کی وجہ سے فوری اثر دوا ہے۔جس کے استعمال سے عضلی ریشوں میں قوت پیدا ہو جاتی ہے۔اور وہ خون کو زیادہ دیر تک عضو میں روکے رکھتے ہیں۔اور اس طرح طبعی امساک پیدا ہوتا ہے۔ جوہر امساک مردانہ قوت میں اضافہ کرتا ہے۔انتشار کو مضبوط بناتا ہے۔اعصابی کمزوری، ذکاوت حس اور مرکز شہوت کی کمزوری سے اگر سرعت انزال کی شکایت ہوگئی ہو تو اس کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔قوت اور امساک میں اضافہ کے ساتھ یہ کیپسول طبعیت میں فرحت اور سکون بھی پیدا کرتے ہیں۔

**معاون ادویات:** لبوب شاہی جواہر دار، معجون مغلظ جواہر دار، فولاد پلس۔

**ترکیب استعمال:**

صبح، شام ایک کیپسول ہمراہ دودھ یا دو کیپسول وقت خاص سے دو گھنٹے پہلے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## جریانی کیپسول

جریان ایک ایسا مرض ہے۔جس میں مادہ منویہ آہستہ آہستہ ضائع ہوتا رہتا ہے۔اگر یہ مرض زیادہ پرانا ہو جائے تو ضعف باہ، خرابی ہضم اور خون کی کمی جیسے امراض لاحق ہو جاتے ہیں۔جس کی وجہ سے عام جسمانی کمزوری، طبعیت میں سُستی و کاہلی، چہرے کی رنگت زرد ہو جاتی ہے۔ذرا سے بھاگنے پر دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔خود اعتمادی کی کمی اور جنسی بے رغبتی جیسی علامات پیدا ہو جاتی ہیں۔

لاثانی فارما پرائیویٹ لمیٹیڈ نے طویل کوشش اور ریسرچ کے بعد قیمتی اور زود اثر اجزاء سے جریانی کیپسول تیار کئے ہیں۔جو نئے اور پرانے جریان کے اسباب کو رفع کر کے اس سے پیدا ہونے والے اثرات کو دور کرتے ہیں۔جنسی اور جسمانی کمزوری کو دور کرتے ہیں اور مردانہ ہارمون بڑھاتے ہیں۔یہ ہر قسم کے مضر اثرات سے پاک ہے۔

**معاون ادویات:** سفوف جریان، حب جریان، عرق نیلوفر۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو کیپسول ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## حب ازراقی

اعصابی بیماریوں اور دردوں میں فائدہ مند ہے۔فالج، لقوہ، رعشہ وغیرہ کی شکایت میں مفید ہے۔اعصاب کو قوت پہنچاتی ہے۔ **معاون ادویات:** معجون سورنجاں، ویٹورہ سیرپ۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام کھانے کے بعد دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

# نام بھی لاثانی معیار بھی لاثانی

## حب بخار

خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے تیار شدہ بُخار کے لئے کامیاب اور موئثر دوا ہے۔ بخار کی شکایت ان گولیوں کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔ جسمانی درد، کمزوری اور نقاہت کو دور کرتی ہے۔

**معاون ادویات:** فیورین سیرپ، ٹائیفائیڈ ایس سیرپ، عرق گاؤزبان۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام بچوں کیلئے: ایک گولی پانی کے ہمراہ
صبح، دوپہر، شام بڑوں کیلئے: دو گولی پانی کے ہمراہ

## حب پیچش

اسہال اور پیچش کی یقینی دوا ہے۔ بڑی آنت اور چھوٹی آنت کے ورم کو دور کرتی ہے۔ آنتوں کی اندرونی سطح پر جو زخم آ جاتے ہیں۔ ان کو بڑی خوبی سے بھر دیتی ہے۔ پیچش اور دستوں میں آنتوں کی حرکت بڑھ جاتی ہے۔ لاثانی فارما کی یہ گولیاں اس حرکت کو اعتدال پر لاتی ہیں اور پیچش و دست کی تکلیف جاتی رہتی ہے۔ ہر قسم کے پیچش اور اسہال کے لیے مفید ہے۔

**معاون ادویات:** جوارش آملہ، جوارش انارین، اکسیر پیچش سیرپ، عرق پودینہ۔

**ترکیب استعمال:** ہر چار گھنٹے بعد پانی کے ساتھ بچوں کیلئے ایک گولی، بڑوں کیلئے دو گولی

## حب تنکار

دائمی قبض کو دور کرتی ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ اس کے استعمال سے اجابت با قاعدہ ہو جاتی ہے۔

**معاون ادویات:** اطریفل ملین، ریلیکس گولیاں، عرق گلاب۔

**ترکیب استعمال:**

قبض کی صورت میں دو یا تین گولیاں نیم گرم پانی یا دودھ کے ہمراہ رات کو سوتے وقت کھائیں۔

## حب جریان

جریان کی شکایت کو دور کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے مادہ منویہ گاڑھا ہو جاتا ہے۔ اور جریان سے پیدا ہونے والے دیگر عوارض بھی رفع ہو جاتے ہیں۔

**معاون ادویات:** سفوف جریان، جریانی کیپسول، عرق نیلوفر، لاثانی سُپر فورٹ۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## حب جگر

حب جگر خون پیدا کرتی ہیں۔ ان کے استعمال سے جگر کی کمزوری، جگر کا ورم اور جگر بڑھ جانے کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔

**معاون ادویات:** لیور رلکس سیرپ، معجون دبید الورد، عرق مکوہ، عرق برنجاسف۔

**ترکیب استعمال:** بچوں کیلئے: صبح، دوپہر، شام ایک گولی ہمراہ پانی لیں۔
بڑوں کیلئے: صبح، دوپہر شام دو گولی ہمراہ پانی لیں۔

## نام بھی لاثانی     معیار بھی لاثانی

### حب راحت

احتلام کی مجرب دوا ہے۔ احتلام کی شکایت خواہ کتنی ہی پرانی ہو۔ حب راحت سے دور ہو جاتی ہے۔ یہ دوا قوت ماسکہ کو بڑھا کر احتلام پر قابو پاتی ہے۔ اور پیشاب کی جلن کو دور کرتی ہے۔ احتلام کی وجہ سے کمر درد، کمزوری، سستی اور کاہلی کو دور کرتی ہے۔

**معاون ادویات:** سفوف راحت، سفوف مغلظ، معجون مغلظ جواہر دار۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

### حب سورنجاں

جوڑوں کے درد عرق النساء یعنی لنگڑی کے درد کی شکایت میں مفید اور مجرب دوا ہے۔ درد کا باعث بننے والے زائد یورک ایسڈ کو خارج کرتی ہے۔ اور مریض کو سکون بخشتی ہے۔

**معاون ادویات:** حب مقوی اعصاب، معجون سورنجاں، عرق چوب چینی۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

### حب عنبر مومیائی (قوت باہ کے لیے طب یونانی کی قابل بھروسہ دوا)

قوت باہ کے لئے یہ گولیاں نہایت ہی مفید ہیں۔ نوجوانی کی غلط کاریوں سے اعضائے تناسل اور اعضائے رئیسہ میں جو ضعف آجاتا ہے۔ اسے رفع کرتی ہے۔ مقوی اعصاب ہونے کے ساتھ ساتھ یہ ان کو توازن و تناسب کے ساتھ بیدار بھی کرتی ہیں۔ اعضائے تناسلیہ کو نعوظ و ہیجان کے لئے آمادہ کر کے اجزائے نعوظ (خون، روح اور ریح) کافی مقدار میں عضو کے جسم اسفنجی اور جسم اجوف کی طرف دوڑا دیتی ہے۔

**معاون ادویات:** لبوب شاہی جواہر دار، وینورہ سیرپ۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام ایک گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ جماع کے بعد دو گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ زائل شدہ توانائی بحال کرتی ہے۔

### حب گردہ

گردہ اور مثانہ میں پتھری یا ریاح سے گردہ کی تکلیف میں مؤثر ہے۔ گردہ سے ریاح کو خارج کرتی ہے۔ اور پتھری کے اخراج میں معاونت کرتی ہے۔

**معاون ادویات:** جوارش زرعونی عنبری، یوروسٹون، عرق اجوائن۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

### فیمو کوریا

فی زمانہ خواتین میں سیلان الرحم (لیکوریا) کی شکایت بہت عام ہے۔ اکثر خواتین اس مرض میں مبتلا ہیں۔ حب لیکوریا سیلان الرحم یعنی رحم سے پانی کی طرح سفید رطوبت کے اخراج کو روکتی ہے۔ مقوی رحم ہے۔ اسقاط (بچے ضائع ہونے) کی شکایت ان گولیوں کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

**معاون ادویات:** سفوف سپاری پاک، معجون سپاری پاک، عرق مکوہ۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

# نام بھی لاثانی معیار بھی لاثانی

## فیمو رینا (ماہواری کیلئے)

رحم کی شدید تکلیف کو دور کرتی ہے۔ اکثر خواتین کو رحم کی کمزوری یا خصیۃ الرحم کے فعل کی خرابی کی وجہ سے ایام کے زمانے میں شدید تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جسم کا جوڑ جوڑ درد کرتا ہے۔ پیٹ میں شدید کرب اور بے چینی ہوتی ہے۔ ماہواری رُک رُک کر اور تکلیف کے ساتھ یا بہت کم ہوتی ہے۔ غرض کہ ایسی شدید تکلیف جو برداشت سے باہر ہوتی ہے۔ ایسی خواتین کے لئے حب مدر بے حد مفید دوا ہے۔ یہ گولیاں رحم کو طاقت دیتی ہیں۔ اس کے استعمال سے حیض کا خون جاری ہو جاتا ہے۔ اور عورتوں کو ماہواری کی اس تکلیف سے نجات مل جاتی ہے۔

**معاون ادویات:** شربت فولاد پلس، جوارش کمونی، چوعرقہ۔ **نوٹ:** دورانِ حمل استعمال نہ کریں۔

**ترکیب استعمال:** صبح، شام دو گولی نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

## حب مُصفی

خون کی خرابی کو دور کرتی ہے۔ پھوڑے پھنسیوں اور خون کی دیگر بیماریوں کی کامیاب دوا ہے۔ چہرے کے داغ دھبے، چھائیوں وغیرہ کو موثر طور پر دور کرتی ہے۔ حب مصفی کو شربت مصفی کے ساتھ استعمال کرنے سے فوائد دوگنا بڑھ جاتے ہیں۔

**معاون ادویات:** مصفی لیکوڈ، سفوف الرجی، عرق عشبہ، شربت عناب۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## حب مقوی اعصاب

اعصاب کو طاقت دیتی ہے۔ اعصابی درد، جوڑوں کے درد اور ریاحی درد میں مفید ہے۔ جسم میں خون کی پیدائش کو بڑھاتی ہے۔ لو بلڈ پریشر میں مفید ہے۔ خون کا طبعی دباؤ بحال کرتی ہے۔ یہ گولیاں امساک بھی پیدا کرتی ہیں۔ زائل شدہ توانائی بحال کرتی ہے۔

**معاون ادویات:** معجون فلاسفہ، وینورہ سیرپ، عرق چوب چینی۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## حب ملیریا

ملیریا اور موسمی بخاروں کیلئے یہ گولیاں مؤثر ہیں ان کے استعمال سے زہریلے مادے خارج ہو جاتے ہیں بخار کے بنیادی سبب کو دور کرتی ہیں بخار کے بعد بے چینی اور کمزوری کو بھی دور کرتی ہیں ان کے استعمال سے پسینہ آجاتا ہے۔

**معاون ادویات:** فیورین سیرپ، حب بخار، عرق نیلوفر۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی ہر چار گھنٹے بعد ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## حب مقل

بادی، ریاحی اور خونی بواسیر میں مفید ہے، جوڑوں کے دردوں میں فائدہ مند ہے ریاح خارج کرتی ہے قبض کشا ہے تیزابیت کم کرتی ہے۔

**معاون ادویات:** اطریفل مقل، حب مقوی اعصاب، عرق چوب چینی۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی ہمراہ لاثانی چوعرقہ استعمال کریں۔

# نام بھی لاثانی    معیار بھی لاثانی

## ڈائی میکسوٹیب

گیس (تبخیر معدہ) اور آنتوں کی تقویت کے لئے موئثر دوا ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ اور عام جسمانی کمزوری کو بھی دور کرتی ہے۔ اطباء کرام نے معدہ کی خرابی کو ام الامراض کے نام سے یاد کیا ہے۔ انسانی صحت کا دارومدار معدہ کے صحیح فعل پر ہے۔ کیونکہ اگر معدہ صحیح کام کرے گا تو غذا صحیح طور پر ہضم ہو کر جزوبدن بنے گی۔ جسم میں خون کی پیدائش میں اضافہ ہوگا۔ جسمانی کمزوری دور ہوگی۔ انسان صحت منداور تندرست رہے گا۔

معدہ کی خرابی سے جب غذا صحیح طور پر ہضم نہ ہوگی تو گیس، تبخیر معدہ، درد معدہ، ہچکی، متلی، قے، اُبکائی، بدہضمی، اپھارہ، ہاتھ، پاؤں اور سینے کی جلن، تیزابیت، ورم معدہ، بھوک کی کمی، چہرے کی زردی جیسی بیماریاں انسان کو گھیر لیتی ہیں۔ ہمارے شعبہ ریسرچ نے ڈائی میکسو کا نسخہ ترتیب دیتے وقت ایسی جڑی بوٹیوں اور اجزاء کا انتخاب کیا ہے جو نظامِ ہضم کو تقویت دے کر معدہ، جگر اور آنتوں کی اصلاح کر کے انہیں اپنے افعال کو صحیح طور پر انجام دینے کے قابل بناتا ہے۔ ڈائی میکسو گولیاں گیس، تبخیر معدہ کے لئے ایک جامع اور متوازن دوا ہے۔

**عوام اور اطباء اس پر فخر یہ طور پر بھروسہ کرتے ھیں۔**

**معاون ادویات:** ڈائی میکسو سیرپ، ہاضمی چورن، عرق الائچی۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## ذد جام کیپسول

عمر گزرنے کے ساتھ ساتھ انسان جسمانی اور جنسی طور پر کمزور ہو جاتا ہے اور ایسے ٹانک کی ضرورت محسوس کرتا ہے۔ جو اعضائے رئیسہ کو تقویت دے کر جنسی کمزوری دور کرے۔ ذد جام کیپسولز کی تیاری میں مرض کے اصل سبب کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ نسخہ میں ایسے اجزاء شامل کئے گئے ہیں۔ جو مردانہ کمزوری، ضعف باہ، کثرت مباشرت اور نوجوانی کی غلط کاریوں، جلق، اغلام سے پیدا شدہ اثرات کو موئثر طور پر زائل کر کے قوت و شباب کو برقرار رکھتے ہیں۔ محرک ہونے کی وجہ سے تحریک پیدا کرتے ہیں۔ بے رغبتی کو دور کرتے ہیں۔ اور ذد جام کیپسول بڑھاپے کا احساس نہیں ہونے دیتے۔ مردانہ کمزوری کے مریضوں کے لئے مناسب اور متوازن دوا ہے۔

**معاون ادویات:** لبوب کبیر، وینورہ سیرپ۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول صبح ۱۰ بجے اور شام ۴ بجے روزانہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## ریلیکس ٹیب

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ اکثر بیماریوں کا سبب قبض ہوتی ہے۔ اگر علاج سے قبل قبض کو دور کر لیا جائے تو بیماری جلد رفع ہو جاتی ہے۔ لیکن قبض کو دور کرنے کے لئے جو دوا بھی تیار کی جائے اس کی یہ خوبی ہونی چاہئیے کہ وہ معدہ اور آنتوں میں جمع شدہ فاسد مواد کو بغیر کسی تکلیف کے خارج کرے۔ ریلیکس اسی خوبی کی حامل دوا ہے۔ جو کسی قسم کا غلط ردِعمل مثلاً مروڑ، متلی، قے پیدا نہیں کرتی۔ بلکہ یہ آنتوں کی حرکات کو باقاعدہ بنا کر قبض سے مستقل نجات دلاتی ہیں۔ اور اس کے استعمال سے دوبارہ قبض کا اندیشہ نہیں رہتا۔

**معاون ادویات:** اطریفل ملین، حب مقل، عرق اجوائن، عرق پودینہ۔

**ترکیب استعمال:** رات سوتے وقت ایک سے دو گولی نیم گرم پانی یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

## نام بھی لاثانی معیار بھی لاثانی

### کفڈل ٹیب

کھانسی کیلئے چوسنے والی خوش ذائقہ گولیاں ہیں جو گلے کی خراش، سوزش اور ورم میں فوری اثر کرتی ہیں۔ ان کے اجزائے لطیف ہوائی نالیوں کی خشکی اور خشونت کو دور کرتی ہیں۔ سانس کی تنگی کو رفع کرتی ہیں۔ کھانسی کی شکایت شروع ہوتے ہی کفڈل گولیاں استعمال کریں۔ یہ گولیاں بار بار اُٹھنے والی کھانسی اور خشک کھانسی میں بھی موئثر ہیں۔

**معاون ادویات:** کفڈل سیرپ، جوشاندہ پلس، شربت بنفشہ، توت سیاہ + ملٹھی۔

**ترکیب استعمال:** صبح، دوپہر، شام دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں۔
شدید کھانسی کی صورت میں فوری طور پر دو گولیاں چوسیں۔

### ممسک شاہی

مردانہ قوت اور امساک کی سریع الاثر دوا ہے۔ یہ کیپسول ایسے اجزاء کا مرکب ہیں۔ جو اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتے ہیں اور وافر خون پیدا کرتے ہیں۔ دل و دماغ، جگر، مثانہ، گردہ وغیرہ کو طاقت دیتے ہیں۔ اس کے استعمال سے جنسی قوت میں اضافہ ہوتا ہے اور وقت خاص میں اضافہ کرنا اور بڑھاپے کی وجہ سے ہونے والی مردانہ کمزوری کو رفع کرتا ہے۔ یہ نسخہ لاثانی فارما میں نہایت محنت اور احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔

**معاون ادویات:** جوہر امساک، ممسک ۹۰۔

**ترکیب استعمال:** صبح ناشتے کے بعد اور شام چار بجے ایک کیپسول دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

### ممسک ۹۰

امساک یعنی رکاوٹ کیلئے نہایت مفید اور مجرب دوا ہے۔ طبعی امساک پیدا کرتے ہیں۔ اس کی خوبی یہ ہے کہ یہ ہر قسم کے مضر اثرات سے مبرا ہے۔

**معاون ادویات:** ممسک شاہی، لبوب شاہی جواہر دار۔

**ترکیب استعمال:** کھانے کے تین گھنٹے بعد وقت خاص سے دو گھنٹے قبل دو کیپسول دودھ سے استعمال کریں۔
قوت اور توانائی کی بحالی کے لئے ایک کیپسول روزانہ استعمال کریں۔